بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

MOST URGENT

نمبر 792 ۔ رجسٹریشن/ایڈمشن سیل
مورخہ 14-11-2017

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور۔

عنوان:۔ ضمنی شیڈول داخلہ برائے گیارھویں جماعت تعلیمی سیشن 2019-2017ء

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان سپلیمنٹری 2017ء میں کامیاب ہونے والے طلباء/طالبات کو گیارھویں جماعت تعلیمی سیشن 19-2017ء میں داخلہ/آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) کیلئے درج ذیل شیڈول مقرر کیا گیا ہے:۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی فیڈنگ (ڈیٹا انٹری)، بنک میں فیس جمع کروا کر کمپیوٹرائیزڈ اصل چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ
(i)	بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔	16-11-2017 تا 30-11-2017
(ii)	-/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم / طالبہ (جو بورڈ کے کھاتے میں جمع ہوگی) کے ساتھ آخری تاریخ۔	01-12-2017 تا 08-12-2017
(iii)	رجسٹریشن فیس / سپورٹس فیس	-/820 روپے فی طالب علم
(iv)	پروسیسنگ فیس	-/400 روپے فی طالب علم

(1) مورخہ 08-12-2017 کے بعد گیارھویں جماعت میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔

(2) درج بالا شیڈول کے مطابق صرف وہی طلباء/طالبات گیارھویں جماعت میں داخلہ/آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) کے اہل ہونگے جنہوں نے سپلیمنٹری 2017ء میں سیکنڈری سکول کا امتحان پاس کیا ہوگا۔

(3) آن لائن سسٹم کے تحت گیارھویں جماعت میں داخل کیے گئے امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور رجسٹریشن/پروسیسنگ فیس کا بنک چالان مقررشدہ تواریخ کے بعد ارسال کرنے یا جمع کرانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا نیز طلباء/طالبات کی مینول رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی۔

نوٹ دیگر تمام شرائط دفتر ہذا سے جاری شدہ شیڈول داخلہ نمبر 661 ۔ رجسٹریشن/ایڈمشن سیل مورخہ 24-07-2017 کے مطابق ہی لاگو ہونگی۔ ان پر سختی سے عمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ ضمنی شیڈول داخلہ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

1) ڈائریکٹر کالجز تعلیم بہاول پور ڈویژن بہاول پور۔
2) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)
3) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
4) داخلی تقسیم/شیڈول فائل ۔